# ہندسی شکلیں



**جمع کریں :** ماچس کی ڈبیا، ٹوتھ پیسٹ کے بکس، مٹھائی کا بکس، پانی کی بوتلیں، مختلف جسامت کی گیندیں، کارڈ شیٹ سے بنائی ہوئی جوکر کی ٹوپی، کارڈ شیٹ کی نلی۔

میز پر رکھی ہوئی یکساں شکلوں والی چیزوں کے گروہ بناؤ۔

**مکعب نما :**

مٹھائی کے ڈبّے کو ہاتھ میں لیجیے۔ ایسی شکل کو مکعب نما کہتے ہیں۔




مکعب نما یعنی اینٹ کی شکل۔ تم نے اینٹیں دیکھی ہوں گی۔

اینٹ جیسی شکلوں کو مکعب نما کہتے ہیں۔

اس مکعب نما کو کتنے کنارے اور کونے ہیں مشاہدہ کریں گے۔

مکعب نما کے کنارے ☐ کونے ☐

**چلو اب مکعب نما کی سطح کا مشاہدہ کریں ...**

دیکھو کیسی ہموار سطح ہے۔ اس میں کل چھے سطحیں ہیں۔ اس مکعب نما کی سطحیں ہموار ہیں۔ اس لیے اسے اگر پھسلن تختے پر رکھیں تو وہ پھسلتے ہوئے نیچے آئے گا۔


**آؤ تلاش کریں :**

میز پر رکھی ہوئی مکعب نما شکل والی چیزیں

**مخروط :**




اب ہم دیکھیں گے کہ تمھاری نے بنائی ہوئی جوکر کی ٹوپی۔ یہ مخروط شکل کی ہے۔



آئس کریم کے کون، مہندی کے کون، جوکر کی ٹوپی جیسی شکلوں کو مخروط کہتے ہیں۔

مخروط کو ایک کنارا اور ایک کونا ہوتا ہے۔ مخروط کی ہموار سطح دائرہ نما ہے۔ دیکھو، کھڑا اور ترچھا حصہ کس طرح مڑا ہوا ہے۔


اُس مڑے ہوئے حصّے کو **خمدار سطح** کہتے ہیں۔




**مدوّر استوانہ :**

**اب ہم دیکھیں گے پانی کی بوتل۔**

پانی کی اس بوتل کی شکل کو مدوّر استوانہ کہتے ہیں۔



دائروی تہہ والی ڈبّے جیسی شکل کو مدوّر استوانہ کہتے ہیں۔




اس مدوّر استوانے کے دو کنارے ہیں لیکن ایک بھی کونا نہیں ہے۔

استوانہ کا نچلا اور اوپری حصّہ یکساں ،

ہموار اور دائروی ہے اور درمیانی مڑا ہوا حصّہ خمدار سطح ہے۔

**آؤ کر کے دیکھیں :**

پھسلن تختے پر مدوّر استوانہ رکھنے پر وہ پھسلتا ہے یا لڑھکتا ہے؟

**پھسلن تختے پر کسی چیز کی ہموار سطح رکھنے پر وہ پھسلتی ہے لیکن خمدار سطح پر رکھنے پر وہ لڑھکتی ہے۔ مدوّر استوانے کی مدد سے یہ بات سمجھ میں آئی۔**

### کرہ (گول) :



گیند گول ہوتی ہے۔ یہ تمھیں معلوم ہے۔



گیند جیسی شکل کو کرہ کہتے ہیں۔

اس کرہ میں نہ تو کنارے ہیں اور نہ ہی کونے۔ کرہ کی سطح کہیں بھی ہموار نہیں ہے، وہ مسلسل مُڑتی جاتی ہے۔ اسی لیے کرہ کو صرف خمدار سطح ہوتی ہے۔


**آؤ تلاش کریں :**

پھسلن تختے پر کرہ رکھنے پر وہ پھسلتا ہے یا لڑھکتا ہے۔



✻ جوڑیاں لگاؤ :

| شکل | | شکل کا نام | |
|---|---|---|---|
| (۱) |  | (۱) | مدوّر استوانہ |
| (۲) |  | (۲) | مکعب نما |
| (۳) |  | (۳) | مخروط |
| (۴) |  | (۴) | کرہ |

✻ بتاؤ کہ نیچے دی ہوئی چیزوں میں سے کون سی چیزیں پھسلتی ہیں اور کون سی چیزیں لڑھکتی ہیں۔

* نیچے دی ہوئی چیزوں کو پکڑو۔ جانچ کر بتاؤ اور لکھو کہ ہر چیز کے کتنے کنارے اور کونے ہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
|  |  |  |  |
| کنارہ – | کنارہ – | کنارہ – | کنارہ – |
| کونا – | کونا – | کونا – | کونا – |

* بتاؤ کہ تصویروں میں کون سی چیزیں پھسلتی اور کون سی لڑھکتی ہیں۔



**برائے اساتذہ :** مختلف مکعب نما شکلیں طلبہ کے سامنے رکھ کر انھیں ہندسی شکلوں کے نام بتانے کے لیے کہیں اور ان چیزوں کے کنارے اور کونے گننے کے لیے کہیں۔

M9RN24

**ICT Tools**

پینٹ برش میں جا کر پنسل کی مدد سے الگ الگ ہندسی شکلیں بناؤ اور ان میں رنگ بھرو۔